


# جانی نقصان کا دعویٰ دائر کرنا

NYS ورکرز کمپنسیشن بورڈ ان خاندانوں کی منفرد اور اہم ضروریات کو تسلیم کرتا ہے جو کام سے متعلقہ چوٹ یا بیماری کی وجہ سے اپنے عزیزوں کو کھو دیتے ہیں۔ ہم جانی نقصان کے دعووں کو فوری طور پر حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور پسماندہ خاندان کے لیے کارکنان کے معاوضے کے انشورنس فوائد تک رسائی کے حصول میں مشقت کو کم کرتے ہیں۔

جب کوئی کارکن حالیہ واقعے کی وجہ سے اچانک انتقال کر جائے تو پسماندگان جانی نقصان کا دعویٰ دائر کر سکتے ہیں۔ وہ اس وقت بھی جانی نقصان کا دعویٰ دائر کر سکتے ہیں جب انہیں یقین ہو کہ ایک کارکن جس نے کارکنان کے معاوضے کے فوائد حاصل کیے تھے، موجودہ، تعین شدہ واقعے کے نتیجے میں انتقال کر گیا ہے۔ کارکن کی موت کے دو سال کے اندر جانی نقصان کے دعویٰ جات دائر لازمی کرنے چاہیئں۔ امیگریشن کی حیثیت، یا پسماندہ خاندان کا مقام سبب نہیں ہے۔

## فوائد

جب دعوے کا تعین ہو جائے تو آجر کے بیمہ کار برائے کارکنان کے معاوضے کی جانب سے درج ذیل فوائد قابل ادائیگی ہیں۔ ان کو تاریخِ انتقال تک واپس عطا کیا جا سکتا ہے۔

### تجہیز و تکفین یا خراجِ تحسین کے اخراجات

تجہیز و تکفین یا خراجِ تحسین کے اخراجات مقام اور اصل لاگتوں کی بنیاد پر باز ادائیگی کے قابل ہیں۔

- نیو یارک شہر، لانگ آئیلینڈ، ویسٹچیسٹر اور راک لینڈ کاؤنٹیز میں $12,500 تک ہیں۔
- NYS کی دیگر تمام کاؤنٹیز میں $10,500 تک ہیں۔

### تلافی کے فوائد

تلافی (ضائع شدہ اجرت) کے فوائد ہفتہ وار کمائیوں کی بنیاد پر شمار کیے جاتے ہیں اور ادا کیے جاتے ہیں۔

1. سابقہ 52 ہفتوں کے دوران کارکن کی اوسط ہفتہ وار اجرت قائم کی گئی ہے۔
2. فائدہ رقم کی مالیت کا ⅔، بلا ٹیکس ہے، جو زیادہ سے زیادہ فوائد کے ساتھ تاریخِ انتقال سے نافذ ہوتا ہے۔

### اہلیت

عام طور پر، خاندانی افراد کے لیے درج ذیل کی بنیاد پر تلافی کے فوائد عطا کیے جاتے ہیں:

1. **شریک حیات۔** وہ شریک حیات جو موت کے وقت ازروئے شرع عقد میں تھے زندگی بھر فوائد کے لیے اہل ہیں۔ اگر شریک حیات دوبارہ شادی کرتا/کرتی ہے، تو شریکِ حیات کے فوائد دو سال کے فوائد کی یکمشت ادائیگی کے ساتھ ختم ہو جاتے ہیں۔ اگر اہل بچے یا زیر کفالت افراد موجود ہیں، تو شریک حیات ان کے ساتھ فوائد کا اشتراک کرے گا/گی۔ اگر بچے عمر کی وجہ سے نااہل ہوں تو شریک حیات کو پورے فوائد ملتے ہیں۔

   طلاق یافتہ شریک حیات اہل نہیں ہیں۔
2. **بچے اور معذور یا نابینا زیر کفالت افراد** 18 سال تک اور 23 سال تک کی عمر کے جو بچے اعلیٰ تعلیم کے کسی تسلیم شدہ ادارے میں کل وقتی طالب علم ہیں، فوائد حاصل کرنے کے اہل ہیں۔ معذور اور نابینا زیر کفالت افراد زندگی بھر کے لیے فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ اگر کوئی شریک حیات نہ ہو تو پسماندگان پوری رقم کا اشتراک کرتے ہیں۔ بصورت دیگر، وہ اسے شریک حیات کے ساتھ شیئر کرتے ہیں، جیسا کہ ورکرز کمپنسیشن قانون میں بیان کیا گیا ہے۔
3. **کارکنان کے والد/والدہ** اگر کوئی شریک حیات، بچے، یا زیر کفالت افراد موجود نہیں ہیں، تو اس صورت میں کارکن کے والدین $50,000 کی ادائیگی موصول کرتے ہیں۔ اگر طلاق ہوئی ہو، تو رقم مساوی شیئر کی جاتی ہے۔
4. **کارکن کے اثاثہ جات۔** اگر درج بالا پسماندگان میں سے کوئی بھی موجود نہیں ہے، تو متوفی کارکن کے اثاثہ جات میں $50,000 کی ادائیگی دے دی جاتی ہے۔ مختار کنندہ دعوے کی کارروائی مکمل کرے گا۔

### طبی اخراجات

اگرچہ وظائف بوجہ انتقال کے دعوے میں کوئی طبی فوائد شامل نہیں ہیں، پر اگر کارکن کے پاس کام سے متعلق چوٹ کے لیے علیحدہ دعویٰ تھا، تو اس دعوے کی بنیاد پر طبی فوائد قابل ادائیگی ہو سکتے ہیں۔

| مثال 1 |
| --- |
| **کارکن کی اوسط ہفتہ وار اجرت $1,200 ہے** |
| **تلافی کے فوائد فی ہفتہ $800 ہیں** |
| **شریک حیات، واحد اہل پسماندہ، زندگی بھر کے لیے یا دوبارہ شادی ہونے تک $800 فی ہفتہ وصول کرتا/کرتی ہے** |
| **دوبارہ شادی کرنے پر، فوائد دو سال کے فوائد کی حتمی ادائیگی (اس مثال میں $83,200) کے ساتھ اختتام پذیر ہو جاتے ہیں** |

| مثال 2 |
| --- |
| **کارکن کی اوسط ہفتہ وار اجرت $1,200 ہے** |
| **تلافی کے فوائد فی ہفتہ $800 ہیں** |
| **شریک حیات فی ہفتہ $440 وصول کرتا/کرتی ہے** |
| **بچے کے اہل ہونے کی مدت کے دوران فی ہفتہ $360 موصول ہوتے ہیں (ورکرز کمپنسیشن قانون کے مطابق تقسیم)** |
| **جب بچہ مزید اہل نہیں رہتا، تو شریکِ حیات کے فوائد زندگی بھر یا دوبارہ شادی تک $800 فی ہفتہ بڑھ جاتے ہیں** |

## درکار فارمز

**جانی نقصان کے دعویٰ جات ذیل میں درج فارمز اور دستاویزات کے مخصوص سیٹ کا استعمال کرتے ہیں۔** تمام مطلوبہ معلومات پیشگی جمع کرنے اور ان امواد کو ایک ساتھ دائر کروانے سے سوگوار خاندانوں کے وقت اور محنت کی بچت ہو گی۔ ہر فارم پر مطلوبہ فیلڈز کو مکمل کرنا ضروری ہے۔

- ***معاوضہ بوجہ انتقال کے لیے دعویٰ (فارم C-62)***
- ***متوفی کی موت سے پہلے علاج فراہم کرنے والے آخری معالج کی طرف سے موت کا ثبوت (فارم C-64)***
- ***تجہیز و تکفین اور خراج تحسین انجام دینے والی سروس کی جانب سے اخراجات کا ثبوت (فارم C-65)***
- ***وظائف بوجہ انتقال کے لیے حلف نامہ (فارم-AFF-1)***

یہ فارم **ورکرز** اور/یا بورڈ کی ویب سائٹ، **wcb.ny.gov** کے فارمز سیکشن میں دستیاب ہیں۔

## معاون دستاویزات

دعوے کے لیے درکار معاون دستاویزات کا انحصار متوفی کارکن سے پسماندگان کے تعلق پر ہوتا ہے۔ (براہ کرم اہلیت کے لیے **فوائد** کا سیکشن ملاحظہ کریں۔) فوائد کا دعویٰ کرنے کے لیے، درج ذیل میں سے کچھ یا سبھی ضروری ہو سکتے ہیں:

- موت کا سرٹیفکیٹ – جنازے کے ڈائریکٹر کے ذریعے دستیاب ہے
- کارکن کی پیدائش کا سرٹیفکیٹ
- شادی کا سرٹیفکیٹ (اگر قابل اطلاق ہو)
- طلاق نامہ (اگر قابل اطلاق ہو)
- اہل بچوں اور/یا زیر کفالت افراد کے پیدائشی سرٹیفکیٹس
- ایک تسلیم شدہ تعلیمی ادارے میں اندراج کا ثبوت (اگر قابل اطلاق ہو)
- سوشل سیکیورٹی ایوارڈ لیٹر (اگر قابل اطلاق ہو)

## مدد دستیاب ہے

وکیل کا دفتر برائے زخمی کارکنان پسماندہ خاندانوں کو کارکنوں کے معاوضے کے وظائف بوجہ انتقال تک رسائی میں مدد دیتا ہے۔ اگر آپ کو وکیل کے دفتر سے فارمز کا پیکٹ موصول ہوتا ہے، تو براہ کرم مکمل شدہ فارم واپس کریں بنام:

Workers' Compensation Board
Centralized Mailing Address
PO Box 5205
Binghamton, NY 13902-5205

فارم بورڈ کی ویب سائٹ **wcb.ny.gov** سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

**اس عمل میں مدد کے لیے، براہ کرم وکیل کے دفتر برائے زخمی کارکنان کو (800) 580-6665 پر کال کریں یا AdvInjWkr@wcb.ny.gov پر ای میل کریں**

*یہ عمل تب سب سے زیادہ تیزی سے آگے بڑھتا ہے جب پسماندہ خاندان جن کی قانونی نمائندگی کی جاتی ہے وہ مکمل ترین معلومات فراہم کرنے کے لیے اپنے وکیل کے ساتھ کام کرتے ہیں۔*

UR-WCB-FatalityClaim-fs-V1 8-20 Urdu

نیو یارک ورکرز کمپنسیشن بورڈ فوائد کی مناسب فراہمی کو یقینی بنا کر اور قانون کی تعمیل کو فروغ دیتے ہوئے ملازمین اور آجروں کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔ ورکرز کمپنسیشن بورڈ کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، wcb.ny.gov ملاحظہ کریں۔

instagram.com/nysworkerscompboard
twitter.com/NYSWorkersComp
facebook.com/NYSWCB
WCB کی اطلاعات کے لیے: wcb.ny.gov/Notify پر سائن اپ کریں
youtube.com/newyorkstateworkerscompensationboard